سوال

(287)بے عمل مسلمان کی سزا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو شخص (لَاإِلٰهَ إِلَّا اللہ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللہ) کا اقرار کرتا ہے اور باقی چار ارکان نماز' زکوٰۃ' روزہ اور حج پر عمل پیرا نہیں ہوتا' نہ دوسرے نیک اعمال کرتا ہے جو شریعت اسلامی میں مطلوب ہیں۔ کیا وہ قیامت کے دن نبی ﷺ کی شفاعت کا مستحق ہو گا جس کی وجہ سے تھوڑی دیر کے لیۓ بھی جہنم میں داخل نہ ہو گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا اقرار کرا ہے اور نماز' روزہ' حج' زکوٰۃ پر عمل نہیں کرتا اور ان چاروں ارکان کے وجوب کا انکار کرتا ہے یا ان میں سے کسی ایک رکن کے وجوب کا منکر ہے حالانکہ اسے علماء کے ذریعے معلوم ہوچکا ہے کہ یہ اعمال فرض ہیں تو ایسا شخص مرتد ہوجاتا ہے۔ اس سے توبہ کا مطالبہ کیا جائے گا۔ اگر وہ توبہ کرلے تو اس کی توبہ تسلیم کی جائے گی۔ اس کے بعد اگر اس کی وفات ایمان پر ہوئی تو وہ شفاعت کا مستحق ہوگا۔ لیکن اگر وہ ان اعمال کے ترک پر مصر ہو تو اسے اسلامی حکمران مرتد ہونے کی وجہ سے سزائے موت دے گا اور اسے قیامت کے دن نبی کریم ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی نہ کسی اور نیک آدمی کی۔ اگر وہ صرف نماز سستی اور لاپرواہی کی وجہ سے ترک کردے تو اس کے متعلق علمائے کرام کا زیادہ صحیح قول یہی ہے کہ وہ کافر ہوجاتا ہے اور یہ ایسا کفر ہے کہ وہ ملت اسلامیہ سے بھی خارج ہوجاتا ہے۔ چنانچہ وہ زکوٰۃ' روزہ اور حج بیت اللہ کا بھی تارک ہو تو پھر تو بدرجہ اولی کافر ہوگا۔ لہذا اگر وہ اسی حالت میں فوت ہوجائے تو وہ نبی کریم ﷺ یا کسی اور نیک آدمی کی شفاعت کا مستحق نہیں ہوگا۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ ان ارکان کا تارک عملی کافر کہلائے گا' حقیقی کافر نہیں ہوگا۔ لہذا اسلام سے خارج نہیں ہوگا۔ ان علماء کی رائے میں بڑے بڑے گناہوں کا مرتکب مسلمان اگر ایمان کی حالت میں فوت ہوتا ہے تو شفاعت کا مستحق رہے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1